Roll No. | | | | | | | Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________ Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱۔ دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے نصابی کتاب کی روشنی میں درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حضور ﷺ کو غارِ ثور میں قریش کے مشوروں سے کون آگاہ کرتا تھا؟
الف۔ عبداللہ ب۔ عامر بن فہیرہ ج۔ عبدالرحمٰن د۔ سراقہ بن جعشم

(ii) سرسید احمد خان نے تقریباً کتنی کتب تصنیف کی ہیں؟
الف۔ بیس ب۔ تیس ج۔ چالیس د۔ پچاس

(iii) ریڈیو پروگرام ''پاکستان ہمارا ہے'' کس نے شروع کیا؟
الف۔ خواجہ حسن نظامی ب۔ امتیاز علی تاج ج۔ میرزا ادیب د۔ فرحت اللہ بیگ

(iv) کلاس کا صداقت نامہ کتنے سال بعد ملا؟
الف۔ ایک ب۔ دو ج۔ تین د۔ چار

(v) کوا باورچی خانے کے پاس بہت ________ رہتا ہے۔
الف۔ ناخوش ب۔ اداس ج۔ خوف زدہ د۔ مسرور

(vi) مصنف کے بنگلے کا مزاج ہزار وپے سے کیسا تھا؟
الف۔ مدبرانہ ب۔ امیرانہ ج۔ خاکسارانہ د۔ عاجزانہ

(vii) امیر مینائی کی نعتوں میں کون سا رنگ غالب ہے؟
الف۔ آورد ب۔ محبت ج۔ عاجزی د۔ آمد

(viii) بادل مست ہو کر چھا رہے ہیں:
الف۔ آسمان پر ب۔ ہوا پر ج۔ جھڑیوں پر د۔ فصلوں پر

(ix) نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟
الف۔ اتفاق کا ب۔ رواداری کا ج۔ امن و امان کا د۔ خوشحالی کا

(x) خلعتِ سلطانی سے کیا مراد ہے؟
الف۔ شاہی قلعہ ب۔ بادشاہ کا لشکر ج۔ شاہانہ مزاج د۔ شاہانہ لباس

(xi) برہمن کی حسرت کیا ہے؟
الف۔ بتوں سے بات کرنا ب۔ خدا سے بات کرنا ج۔ روحوں سے بات کرنا د۔ بیماروں کا علاج کرنا

(xii) میر تقی میر کے مطابق یاں کی اوقات ________ کی سی ہے۔
الف۔ اضطراب ب۔ خواب ج۔ آفتاب د۔ کباب

(xiii) ''گلِ رعنا'' کس کی تصنیف ہے؟
الف۔ میر تقی میر ب۔ بہادر شاہ ظفر ج۔ حیدر علی آتش د۔ مرزا غالب

(xiv) تشبیہ میں مشترک خوبی کو کیا کہا جاتا ہے؟
الف۔ مشبہ ب۔ مشبہ بہ ج۔ حرفِ تشبیہ د۔ وجہِ شبہ

(xv) درج ذیل میں سے کس کے معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے کے ہیں؟
الف۔ قافیہ ب۔ ردیف ج۔ تخلص د۔ مقطع

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

eduvision.edu.pk

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 34)

سوال نمبر ۲: الف۔ نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) مصنف نے کیسے ثابت کیا کہ مرزا غالب کا حوصلہ فراخ تھا؟

(ii) خواجہ باسط کے مریدوں میں تکرار کیوں ہوا؟

(iii) ڈپٹی نذیر احمد نے اپنے ناولوں سے کیا خدمت سرانجام دی؟

(iv) جمن شیخ اور الگو چودھری میں دوستی کا آغاز کب ہوا؟

(v) امتحان کے دن قریب آنے پر مضمون نگار کے دوستوں کا کیا حال ہوتا ہے؟

(vi) بھینس کس لحاظ سے انسان سے زیادہ خوش نصیب ہے؟

(vii) ''حمد'' کے مطابق کچھ لوگ رنج و مصیبت میں کس کا ''گلا'' کرتے ہیں اور ان کو پھر کیا نظر آتا ہے؟

(viii) نعت کے مطابق شاعر کس راہ میں خاک ہونا چاہتا ہے؟ نیز اسے اس میں کیا فائدہ نظر آتا ہے؟

(ix) نظیر اکبرآبادی نے اپنی شاعری کے لیے کون سے موضوعات کا انتخاب کیا؟

(x) رؤف نے اختر کو دھکے دے کر کیوں نکال دیا؟

(xi) علامہ اقبال کی کوئی سی دو اردو کتب کے عنوانات تحریر کریں۔

(xii) میر تقی میرؔ کے کلام کی چند خصوصیات تحریر کریں۔

(xiii) حیدر علی آتش اپنی کشتِ سخن سے بے فکر کیوں رہے؟

(xiv) غزل کے مطابق درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

eduvision.edu.pk

ب۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزا حل کیجیے: (5x2=10)

(i) محاورہ کی تعریف کریں اور کوئی سے دو محاورات بھی تحریر کریں۔

(ii) مبتدا اور خبر میں کیا فرق ہے؟ مثال دے کر واضح کریں۔

(iii) مجازِ مرسل کی کتنی صورتیں ہیں کوئی سی دو کی مثالیں دیں۔

(iv) درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:

سراب ، لب

(v) مندرجہ ذیل مرکبات کون سے ہیں؟

بچے کے لب ، رخ و زلف

(vi) درج ذیل الفاظ کے واحد، جمع لکھیں۔

طیور ، ملت

## حصہ سوم (کُل نمبر 26)

سوال نمبر۳۔ سبق، مُصنّف اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

الف۔ خیر آمدم برسرِ مطلب، پونے دس بے گھنٹی بجی اور ہم بسم اللہ کہ کر امتحان کے کمرے میں داخل ہوئے۔ یہاں ایک بہت خلیق اور ہنس مکھ نگرانِ کار تھے۔ مجھے جگہ نہیں ملتی تھی، میں نے ان سے کہا وہ میرے ساتھ ہولیے۔ جگہ بتائی اور بڑی دیر تک ہنس ہنس کر باتیں کرتے رہے۔ میں سمجھا چلو بیڑا پار ہے، اللہ دے اور بندہ لے۔ ٹھیک دس بجے پرچہ تقسیم ہوا۔ میں نے پرچہ لیا۔ سرسری نظر ڈالی اور میز پر رکھ دیا۔ لیکن یہ ضرور کہوں گا کہ پرچہ پڑھنے کے بعد جیسا میرے چہرے پر اطمینان تھا، شاید ہی کسی کے چہرے پر ہوگا۔

ب۔ یہ سچ ہے کہ لوگ پڑھتے ہیں اور پڑھنے میں ترقّی بھی کرتے ہیں اور ہزار پڑھے لکھوں میں شاید ایک کو ایسا موقع ملتا ہوگا کہ اپنی تعلیم کو اور اپنی عقل کو ضرورتاً کام میں لاوے، لیکن اگر انسان اُن عارضی ضرورتوں کا منتظر رہے اور اپنے دلی قویٰ کو بے کار ڈال دے، تو وہ نہایت سخت کاہل اور وحشی ہوجاتا ہے۔ انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دِلی قویٰ کی تحریک سُست ہوجاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہوجاتا ہے اور انسانی صفت کھوکر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

سوال نمبر۴۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں
ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے
جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

ب۔
ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے
جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

eduvision.edu.pk

سوال نمبر۵۔ شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف۔
ہم ہیں مُشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے؟
میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پُوچھو کہ مدعا کیا ہے؟

ب۔
عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گِلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

سوال نمبر۶۔ دو ہم جماعتوں کے مابین جھوٹ کے نقصانات کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

(یا)

ایک محفلِ نعت کی روداد لکھیں۔

سوال نمبر۷۔ اپنے چچا کے نام خط لکھ کر انھیں فریضۂ حج ادا کرنے پر مبارکباد پیش کریں۔ (5)

-----1SA 1903 -----